پریس ریلیز ( سپریم کورٹ میرپور ) جسٹس راجہ سعید اکرم خان چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر نے آج مورخہ 26.08.2025 سپریم کورٹ برانچ رجسٹری میرپور میں دیگر مقدمات کے علاوہ مقدمہ عنوانی روبکار عدالت بنام میئر میونسپل کارپوریشن وغیرہ کی سماعت کی جس میں میئر بلدیہ چوہدری عثمان خالد و راجہ ہمایوں رزاق اسٹیٹ آفیسر بلدیہ عظمٰی میرپور، چوہدری امجد اقبال ڈائریکٹر اسٹیٹ ادارہ ترقیات میرپور و مرزا کلیم ایڈمن آفیسر ادارہ ترقیات میرپور اصالتاً حاضر ہوئے۔ مقدمہ کی سماعت فرمائے ہوئے جناب چیف جسٹس نے شہر بھر میں ناجائز تجاوزات اور گرین بیلٹ و پارکس کے لئے مختص رقبہ جات پر کمرشل بنیادوں پر بلدیہ عظمٰی میرپور اور ادارہ ترقیات میرپور کے حکام کی اجازت سے ترقی حیثیت پر سنجیدہ نوٹس لیتے ہوئے میئر بلدیہ عظمٰی میرپور پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ کیوں نہ آپ کو اس غفلت، لاپرواہی اور غیر قانونی اقدامات کی پاداش میں آپ کو عہدے سے نااہل کیا جائے۔ عدالت گرامی نے میئر بلدیہ میرپور کو سرزنش کرتے ہوئے حکم دیا کہ وہ مفصل رپورٹ فوراً پیش کریں کہ آیا قانون کے کس اختیار اور حکم کے تحت گرین بیلٹ میں تجارتی سرگرمیوں کی اجازت دی گئی اور ان رقبہ جات پر ٹک شاپس اور دیگر تجارتی کاموں کی اجازت کیوں دی گئی ہے۔ احکام کے ایما پر اس قسم کے افعال و سرگرمیاں عدالتی احکامات کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔ میئر بلدیہ کو مزید حکم دیا گیا کہ وہ فی لفور تمام غیر قانونی بلا اختیار و تجارتی سرگرمیاں و تعمیرات جو کہ گرین بیلٹ اور رہائشی رقبہ جات پر کی گئی ہیں کو ختم کریں۔ مزید برآں جملہ متعلقین ادارہ بلدیہ عظمٰی میرپور و ادارہ ترقیات میرپور کو حکم دیا گیا کہ وہ مفصل رپورٹ کریں کہ آیا ویو پوائنٹ پارک کا کل کتنا رقبہ مختص ہے اور کتنے رقبے پر تجاوزات کی گئی ہے اور کس قدر رقبے پر بلا اختیار تعمیرات کی گئی ہیں ڈائریکٹر اسٹیٹ ادارہ ترقیات میرپور کو خصوصاً ہدایت کی گئی ہے کہ آئندہ تمام کمرشل عمارات یا ڈھانچوں کی تعمیر کی اجازت نہ دی جائے۔ کسی بھی صورت میں رہائشی ایریا میں اس قسم کی کسی سرگرمی کی اجازت نہ دی جائے۔ عدالت کے نوٹس میں یہ بھی لایا گیا کہ رہائشی پلاٹ غیر قانونی طور پر کمرشل پلاٹوں میں قواعد و ضوابط کے خلاف متبدل کیے گئے ہیں۔ ایسے پلاٹس جن پر تعمیرات پہلے سے ہی مکمل ہو چکی ہیں یا فی الوقت جن پر تعمیراتی کام جاری ہے کو اس مرحلہ پر متاثر نہ کیا جائے تاہم متبدل شدہ نئے پلاٹس پر کمرشل تعمیرات کی اجازت نہ دی جائے اگرچہ کہ الاٹی نے ادارہ سے تعمیرات کیلئے اجازت نامہ بھی حاصل کر لیا ہو۔ اس ضمن میں قبل ازیں کمشنر میرپور ڈویژن و ڈپٹی کمشنر میرپور کو اصالتاً طلب کر کے سرزنش کی گئی کہ وہ اپنی نگرانی میں تمام غیر قانونی تعمیرات و تجاوزات کو فوری طور پر ختم کروائیں۔ مقدمہ ہذا کو آئندہ کارروائی کیلئے موخر کر دیا گیا ہے۔

ڈپٹی رجسٹرار